سوال

(208)کس طرح سورج گرہین یا چاند گرہن وجود میں آتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کس طرح سورج گرہین یا چاند گرہن وجود میں آتے ہیں۔ اس کا ثبوت بذریعہ قرآن وحدیث چاہتے ہیں۔ یہ بھی اگر قرآن وحدیث سے ثابت ہے کہ آسمان گردش میں ہے تو واضح کریں۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آسمان کی گردش اس آیت سے مفہوم ہوتی ہے۔ وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ١١ سورة الطارق (آسمان گردش والے کی قسم ہے۔) سورج چاند کے گرہن کی وجہ قرآن یا حدیث میں نہیں۔ حدیث میں گرہن کو آیت اللہ فرمایا ہے۔ گرہن کی وجہ سمجھنے سے پہلے زمین چاند اور سورج کا باہمی تعلق زہن نشین کرنا چاہیے۔ علم ریاضی والوں نے ان تینوں کا جو نقشہ بتایا ہے۔ وہ یوں ہے۔ زمین۔۔۔۔۔چاند۔۔۔۔۔سورج۔ چاند اور زمین سورج سے روشنی لیتے ہیں۔ چاند اپنی حرکت میں ایسی جگہ آجاتا ہے۔ جو اس تصویر میں دیکھائی دیتا ہے۔ یعنی چاند زمین اور سورج میں حائل ہوجاتا ہے۔ جیسا نقشہ مرقومہ میں دکھایا ہے۔ تو ہم باشندگان زمین کو سورج گرہن معلوم ہوتا ہے۔ صرف ہمارے دیکھنے میں رکاوٹ معلوم ہوتی ہے۔ سورج بدستور روشن ہے۔ اور جب چاند تک سورج کی روشنی پہنچنے میں زمین حائل ہوجاتی ہے۔ تو چاند کو گرہن ہوجاتا ہے۔ مثلا یوں۔ چاند۔۔۔زمین۔۔۔۔۔۔۔سورج۔ یہ سب کچھ ان تینوں کی حرکات پر موقوف ہے۔ مگر یہ تشریح علم ریاضی والوں کی ہے۔ قرآن وحدیث میں صرف آیۃ من آیات اللہ۔ آیا ہے جو سارے مطلب کو حاوی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2ص156

محدث فتویٰ